سوال

(78)مسجد کے دروازے کے پاس پشاب کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس حدیث کے بارے میں بتائیں جو ان الفاظ کے ساتھ وارد ہے کہ نبی ﷺ نے مساجد کے دروازوں کے پاس پشاب کرنے سے منع کیا ہے) کیا یہ صحیح ہے ؟ اور کہاں ہے ؟
(آپ کا بھائی : محمد امین)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس حدیث کو امام ابوداوٗد نے مراسیل : (ص : 5) میں مکحول سے روایت کیا ہے انہوں نے کہا : رسول اللہ ﷺ نے مساجد کے دروازوں پر پشاب سے منع کیا ہے اور مراسیل انواع ضعیف سے ہے مگر ان شروط کے ساتھ جو مصطلح کی کتابوں میں مذکور ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الدین الخالص

ج1ص159

محدث فتویٰ